# اطلاع سالانہ اجلاس عام

نوٹس ہذا سے مطلع کیا جاتا ہے کہ فرسٹ کیپٹل ایکوئٹیز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے حصص داران کا تیئیسواں (23واں) سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ مؤرخہ 26 اکتوبر، 2018ء کو بوقت 03:00 بجے سہ پہر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس دوسری منزل، پیس شاپنگ مال، فورٹریس سٹیڈیم، لاہور کینٹ، لاہور میں مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور:**

1. 28 اکتوبر 2017ء کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔
2. 30 جون 2018ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کی پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کے ہمراہ چیئرمین، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کو وصول کرنا، زیر غور لانا اور اپنانا۔
3. 30 جون 2019ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کا مشاہیرہ طے کرنا۔

**خصوصی امور**

4. حسب معمول کلائنٹس کے زائد المیعاد واجب الادا بقایا جات کی ادائیگی کے طور پر پیس (پاکستان) لمیٹڈ شریک کمپنی کے 7,600,000 ملین عمومی حصص کے حصول کی توثیق کرنا اور ترامیم کے ساتھ یا اس کے برعکس مندرجہ ذیل قرارداد پاس کرنا۔

''قرار پایا کہ معمول کے کاروبار میں مخصوص کلائنٹس کو 58,900,000 روپے کی زائد المیعاد واجب الادا رقم کی ادائیگی کی غرض سے پیس (پاکستان) لمیٹڈ شریک کمپنی کے 10.00 روپے فی حصص کی شرح سے 7,600,000 ملین عمومی حصص حاصل کئے جائیں جس کی حسب ضابطہ منظوری دی گئی۔ مزید یہ کہ، کمپنی کا چیف ایگزیکٹو اپنی حسب منشا ہمہ وقت ان حصص کو جاری کرنے کا کلی اختیار رکھتا ہے۔''

بحکم بورڈ

**شہزاد جواہر**

کمپنی سیکریٹری

لاہور 05 اکتوبر 2018ء

**مندرجات:**

1) اراکین کا رجسٹر 19 اکتوبر 2018ء سے 26 اکتوبر 2018ء (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔ کمپنی کے رجسٹرار اور شیئرز ٹرانسفر آفس کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن لاہور کو 18 اکتوبر 2018ء کو کاروباری اوقات کار ختم ہونے تک موصول ٹرانسفرز سالانہ اجلاس عام کی غرض سے بروقت تصور کی جائیں گی۔

2) اجلاس میں شرکت اور ووٹ کرنے کا اہل رکن اجلاس میں اپنی جگہ شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسیز کو مؤثر کرنے کی غرض سے اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل ہر لحاظ سے مکمل پراکسی فارم کمپنی کو اپنے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانا چاہئے۔

3) جائز ثابت کرنے کے لئے، پراکسی کا انسٹرومنٹ اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہو) جس کے زیر دستخط یہ انسٹرومنٹ ہو، یا اس مختار نامہ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع دوسری اور تیسری منزل، پیس شاپنگ مال، فورٹریس سٹیڈیم، لاہور کینٹ، لاہور کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرایا جائے۔

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ضوابط، 2018ء کی پیروی میں کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 143 اور 144 کے تحت اراکین کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ کرنے کا اختیار دیا جا سکتا ہے۔

4) a) اجلاس میں شرکت اور ووٹ کرنے کا اہل CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے شرکت کا آئی ڈی اور اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بمعہ اصلی CNIC یا پاسپورٹ ہمراہ لائے گا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ جس پر nominees کے نمونہ کے دستخط موجود ہوں اجلاس کے انعقاد کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

b) پراکسیز کے تقرر کے لئے، CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک مذکور بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم بمعہ شرکت کا آئی ڈی، اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بشمول CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل جمع کرائے گا۔ دو افراد کی جانب سے ان کے نام، پتا اور CNIC نمبر کے ساتھ پراکسی فارم کی توثیق ہونی چاہئے۔ پراکسی کو اجلاس کے انعقاد کے وقت اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں نمونہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا (اگر یہ پہلے جمع نہ کرایا گیا ہو)۔

5) SECP کے مؤرخہ 10 جولائی 2014 کے مراسلہ نمبر 634/(I)/2004 کی پیروی میں 30 جون 2017ء کو اختتام پذیر سال کے لئے پڑتال شدہ سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس بمعہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.dailytimes.com.pk اور گروپ کی ویب سائٹ www.pacepakistan.com پر رکھ دی گئی ہیں۔

6) SECP کے مؤرخہ 08 ستمبر 2014 مراسلہ نمبر SRO787(I)2014 کی پیروی میں کمپنیوں کو اپنے سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع ونقصان کے کھاتے، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس (سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس) بمعہ سالانہ اجلاس عام کا نوٹس بذریعہ ای میل کمپنی کے اراکین کو ارسال کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ اس سہولت کو حاصل کرنے کے خواہش مند اراکین کمپنی کو مطلوب معلومات فراہم کریں گے جس کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ www.dailytimes.com.pk اور گروپ کی ویب سائٹ www.pacepakistan.com سے فارم حاصل کیا جا سکتا ہے۔

7) SECP کے مؤرخہ 31 مئی 2016ء کے مراسلہ نمبر 2016(I)470 کی پیروی میں کمپنی نے اپنے سالانہ پڑتال شدہ کھاتوں سے متعلقہ معلومات Soft فارم یعنی CD کی صورت میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو بھیج دی ہیں۔ تاہم، کمپنی شیئر ہولڈرز کو مطالبہ پر سالانہ پڑتال شدہ کھاتوں کی کاغذات کی صورت میں ان کے رجسٹرڈ پتا پر درخواست موصول ہونے کے ایک ہفتہ کے اندر بالکل مفت ارسال کریں گے۔ کمپنی نے اپنی ویب سائٹ پر معیاری درخواست فارم رکھ دیا ہے تاکہ سافٹ فارم کی بجائے کاغذات کی صورت میں حصول کے لئے رابطہ کیا جاسکے۔

8) اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی کی صورت میں فوراً مطلع کریں۔

## کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان

یہ بیان 26 اکتوبر 2018ء کو منعقدہ کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں خصوصی امور پر بحث کے لئے حقائق پر مبنی ہے۔

کمپنی نے 28 دسمبر 2015 کو 58,900,000 روپے (اٹھاون ملین نو سو ہزار روپے صرف) کی مجموعی قیمت پر 7.75 روپے فی حصص کی شرح سے 10.00 فی حصص پار ویلیو کے حامل 7,600,000 عمومی حصص حاصل کئے۔

30 جون 2016 اور 30 جون 2017ء کو ان حصص کی پار ویلیو بالترتیب 7.97 روپے اور 8.76 روپے فی حصص تھی۔

پیس (پاکستان) لمیٹڈ کے حصص عموماً کمپنی کے متعدد کلائنٹس کی ملکیت ہیں جو کمپنی کے نادہندہ ہو گئے اور کمپنی کو زائد المیعاد واجبات کی ادائیگی کے ذمہ دار ہیں۔ ان کلائنٹس کے ساتھ واجبات کی جزوی/کلی ادائیگی اور کمپنی کو نادہندہ ہونے پر باہمی معاہدوں کے تحت یہ حصص اُن کی ادائیگی کے لئے استعمال کئے گئے۔ یہ بیان کرنا بھی ضروری ہے کہ یہ کمپنی کے انتہائی مشکل حالات میں فیصلہ کیا گیا کیونکہ ان کلائنٹس نے اپنے واجبات کی نقد یا اس کے برعکس حصص کے لے علاوہ زیر غور اثاثوں کی صورت میں ادائیگی کے لئے اپنی نااہلی ظاہر کی۔

اس لئے، زیر غور حصص معمول کے مطابق کمپنی کے کنٹرول میں آ گئے اور یہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 (سابقہ کمپنیز ایکٹ 1984ء کے سیکشن 208) کے تحت کسی بھی قسم کی سرمایہ داری نہ تھی۔ کمپنی کے ہاؤس اکاؤنٹ کے ذریعے سال 2009ء سے یہ حصص دو مالیاتی اداروں/کمپنی کے قرض خواہان کے پاس گروی پڑے تھے۔

مالی سال 2016ء میں، PSX (سابقہ KSE/LSE) کو کمپنی کے لئے کلائنٹ کا امتیازی بیان مطلوب تھا۔ اس لئے حصص KSE کی ہدایات کی پیروی میں کمپنی کی کتاب میں ان حصص کو ریکارڈ کیا گیا اور ان حصص میں سرمایہ داری کی مد میں نہ تھا۔

30 جون 2016ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کے سالانہ کھاتوں کے معائنہ کے بعد سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے سیکشن 476 کے ہمراہ سیکشن 208 کے تحت کمپنی کو مؤرخہ 19 جون 2017ء کو CSD/ARN/469/2017-3918 شوکاز نوٹس جاری کی۔

شوکاز نوٹس کے معاملہ پر SECP کی جانب سے کمپنی کو ہدایات جاری کرتے ہوئے 06 اگست 2018ء کو فیصلہ کیا گیا کہ عمومی اجلاس میں پیس کے حصص کے حصول کی مد میں ٹرانزیکشن کو شفاف بنانے اور کسی بھی قسم کے شکوک وشبہات کے خاتمہ کی غرض سے شیئر ہولڈرز کی منظوری حاصل کریں۔

### دستاویزات کا معائنہ

میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی نقول کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان، سالانہ اور سہ ماہی اکاؤنٹس بمعہ کمپنی اور پیس (پاکستان) لمیٹڈ کی پیشگی مدت کے مطلوب یا شائع کردہ اکاؤنٹس کے ہمراہ مؤرخہ 06 اگست 2018ء کو SECP کے حکم/ہدایت کا اطلاق ہوا یا اس کے برعکس مطلوب تھے۔ اس نوٹس کی اشاعت سے سالانہ اجلاس عام کے اختتام تک کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں کام کے کسی بھی دن کاروباری اوقات کار کے دوران میں یہ دستاویزات حاصل کئے جاسکتے ہیں یا ان کا معائنہ کیا جاسکتا ہے۔

**ڈائریکٹرز اوران کے رشتہ داروں کا مفاد**

کمپنی کے ڈائریکٹرز اوران کے رشتہ داروں (اگر کوئی ہو) مفاد صرف ان کی شیئر ہولڈنگ تک محدود ہے جن کا اس نوٹس کی اشاعت سے سالانہ اجلاس عام کے اختتام تک کام کے دنوں میں کاروباری اوقات کار کے دوران کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں معائنہ کیا جاسکتا ہے۔